Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ ماہ رمضان المبارک ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۱ اکتوبر ۱۹۴۱ء جلد ۲۵

حصہ دوم

احکام عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹرز صاحبان بہادر

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

حسب اختیارات زیر دفعہ ۲ قانون دیاسلائی ۱۹۳۴ء سنٹرل گورنمنٹ نے ویسٹرن کاٹھیاوار کے بہادو اتعلقہ سے برٹش انڈیا میں ۲۲ر اگست ۱۹۴۱ء سے دیاسلائی کی درآمد قطعاً ممنوع قرار دے دی ہے۔ اعلان بغرض اطلاع عام گزٹ ریاست میں شائع کیا جائے۔

۲۵ر ستمبر ۱۹۴۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے - اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں -

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند یا دستور ہند گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۵۰ کے بعد قاعدہ ۵۰ الف کی ازدیادی مضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۳۰-۱۰-۱ اوآر-۱ء مورخہ ۱۸ر ستمبر ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے -

حکم

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانیکی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے -

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے - اصل کاغذات بعد اجرائے احکام دارالانشاء کو واپس بھیجے جائیں -

۵ر ستمبر ۱۹۴۱ء   دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۷۵ فقرہ (د) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور ضمیمہ منسلکہ نوٹیفکیشن نمبری ۳۰۷۵-او آر-۱-۱ء مورخہ ۲۸ر مئی ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۳۰۷۵-او آر-۱۹-۱ء مجریہ محکمہ متذکرہ بالا مورخہ ۲ر ستمبر ۱۹۴۱ء منظور کرتی ہے -

حکم اجلاس عالیجناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر

ہدایات ترتیب بجٹ سنہ ۲۳-۱۹۲۲ء

مورخہ ۲۹ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء

بجٹ سنہ ۲۳-۱۹۲۲ء مطابق ہدایات بجٹ سنہ ۲۲-۱۹۲۱ء مجریہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۲۰ء مرتب کرکے محکمہ جات کو تواریخ مندرجہ تحت پر صیغہ فائنانس کو ارسال کرنا چاہیئے قبل ترتیب بجٹ ہدایات بجٹ مجریہ محکمہ فائنانس بتاریخ ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء مندرجہ گزٹ ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء اور ہدایات مجریہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۲۰ء مندرجہ گزٹ ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲۰ء خاص طور پر قابل لحاظ ہیں۔ نقشہ جات بجٹ آمدنی و مصارف سنہ ۲۳-۱۹۲۲ء کے محکمہ فائنانس میں وصول کئے جانے کی آخری تاریخیں حسب ذیل ہیں۔

تجاویز جدید	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء
تخمینہ جات آمدنی و مصارف	۱۰ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء
نقشہ جات سرشتہ و دیگر گرانٹ	۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

۲۔ تجاویز جدید کی بابت اکثر صیغہ جات سے وقت پر ضروری کارروائی نہیں ہوتی۔ حالانکہ ہدایات بجٹ مجریہ ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کی دفعات ۳۳ لغایت ۴۱ بہت واضح ہیں۔ پر بجائے اہمیت صرف دفعہ ۳۸ کا اعادہ کیا جاتا ہے۔

فائنانس ڈپارٹمنٹ میں جو تجاویز جدید علحدہ علحدہ فارم پر مع مفصل نوٹ کے تاریخ مقررہ پر آجاتی ہیں۔ ان کو وہ ہر تجویز کی جانچ کرکے محکمہ فائنانس اپنی رائے قائم کریں مثلاً عالیجناب صاحب فنانسر بہادر انکی جانچ کیجئے تحقیق واپس کر کے جن تجاویز سے صیغہ فائنانس نے اتفاق کیا ہے اسکو مع فہرست تجاویز جدید بموجب نقشہ ع۵ تاریخ مقررہ تک تخمینہ جات بجٹ کے ہمراہ فائنانس ڈیپارٹمنٹ کو روانہ کر دیا جائے گا۔ اس فہرست میں جو تجاویز جدید بلحاظ ضرورت و اہمیت نمبروار تحریر کیجائینگی۔

اس دفعہ کی رو سے صیغہ جات کو دوران سال میں جب کبھی سال آئندہ میں جدید مصارف کی ضرورت پیش آنے کا احساس ہو تو وجوہات متذکرہ بالا ان کی بابت مفصل نوٹ مع وجوہات کے محکمہ فائنانس کو ارسال کرکے مشورہ فائنانس حاصل کرنا چاہیئے اور ان تمام کاغذات متعلقہ تجاویز جدید کو جن پر محکمہ فائنانس سے مشورہ و اتفاق حاصل کیا جاچکا ہے نقشہ فہرست تجاویز جدید میں اندراج کرکے تخمینہ جات بجٹ کے ہمراہ تاریخ مقررہ تک محکمہ فائنانس کو بھیجدیا جانا چاہیئے۔ لیکن تجربہ سے معلوم ہوا کہ بیشتر صیغہ جات تجاویز جدید کی جانب اس وقت توجہ مبذول فرماتے ہیں۔ جبکہ محکمہ فائنانس میں تجاویز جدید کے وصول کئے جانے کی آخری تاریخ آجاتی ہے۔ بعض صیغہ جات مفصل نوٹ اور وجوہات تحریر کرنے کے بجائے نقشہ فہرست تجاویز جدید میں بھی اسکی بابت مختصر نوٹ درج کرتے ہیں

نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عجلت کی وجہ سے اکثر تجاویز جدید صیغہ جات سے نامکمل حالت میں موصول ہوتی ہیں مفصل نوٹ نہ ہونے کی وجہ سے ان پر غور ہو کر تصفیہ کا کیا جانا دشوار ہو جاتا ہے۔ صیغہ جات خصوصیت سے جملہ تجاویز کو بعد غور مطابق ہدایات متذکرہ بالا کی دفعات ۳ تا ۵ کے بموجب ضرورت کا احساس ہونے کے بعد فوراً محکمہ فائنانس کو مشورہ کی غرض سے روانہ کر دیجائیں۔ بعد حصول مشورہ ان کو نقشہ فہرست تجاویز جدید میں درج کر کے بجٹ کے ہمراہ صیغہ فائنانس کو ارسال کر دیا جائے

(۳) روبکار اجلاس ہمایوں مورخہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء کا منشا رہے کہ مصارف متواتر میں جس قدر زیادتی گزشتہ چند سالوں میں ہو چکی ہے اسکو اس طرح کم کیا جانا مناسب ہوگا کہ اس کمی سے ہرج کار سرکار نہ ہو۔ اور کمی بھی ہو جائے۔ جنگ کیوجہ سے بھی ریاست کے بجٹ پر کافی بار پڑ رہا ہے۔ امساک باراں کیوجہ سے بھی تخمینہ جات بعد نظر ثانی آمدنی ریاست سال رواں میں بمقابلہ ابتدائی تخمینہ جات آمدنی سنہ ۴۳-۱۹۴۲ء کمی کی ہونے کا احتمال ہے اس لئے نسبتاً کم ضروری مصارف میں جہانتک ممکن ہو سکے کمی کیا جانا از بس ضروری ہے صیغہ جات اپنے بجٹ پر پوری توجہ مبذول کر کے صرف ان مصارف کیلئے رقم تجویز فرمائیں جن کا ہونا ضروری ناگزیر ہو۔ تجاویز جدید متعلقہ محکمہ تعمیرات و مدرسہ ہائے کثیر تعداد اور رقوم کی پیش کیجاتی ہیں جن میں سے منظوری بہت کم رقم کی ہوتی ہے ایسی حالت میں تخمینہ جات کی تیاری میں جو وقت صرف ہوتا ہے وہ بیکار ضائع ہوتا ہے ضرور ہے کہ صیغہ جات سے تبادلہ خیالات کر کے صرف اہم ترین تجاویز ہی صیغہ فائنانس کو ارسال فرمائی جائیں۔

لہذا

جملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان بہادر کیخدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا کارروائی کئے جانیکی بابت صیغہ جات ماتحت کو مطلع فرمایا جائے اور تواریخ مندرجہ بالا پر ارسال نقشہ جات بجٹ وغیرہ کا انتظام فرمایا جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک ایک نقل آڈٹ۔ خزانہ اور فائنانس آفس کو بھیجی جائے سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔

دستخط فارم عالیمرتبت جناب فائنانس منسٹر بہادر۔

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

تبادلہ

(۲۲ر ستمبر ۳۱ء)

۱) منشی جگدیش سروپ صاحب سب انسپکٹر انچارج شاہ آباد سے تھانہ بلاس پور بکار انچارجی تبدیل و تعینات ہوں۔

۲) منشی محمد زاہد خاں صاحب سب انسپکٹر انچارج تھانہ کیمری سے تھانہ شاہ آباد بکار انچارجی تبدیل و تعینات ہوں۔

۳) منشی کلب حسن خاں صاحب سب انسپکٹر دوئم کوتوالی سے تھانہ کیمری بکار انچارجی تبدیل و تعینات ہوں۔

نوٹ:- افسران مندرجہ عدد ۲و۱ کی تعیناتی عارضی ہے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ درج آرڈر بک خاص کیا جاوے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس۔

اضافہ گریڈ

(۲۷ر ستمبر ۱۹۳۱ء)

حسب اتفاق رائے فائنانس آفس منشی فضیلت حسین خاں صاحب سرکل انسپکٹر پولیس مشاہرہ دار صــہ ماہوار کو ۲۵ر ستمبر ۱۹۳۱ء سے مبلغ صہ ماہوار اضافہ گریڈ دیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ اجرا ہوں۔ درج آرڈر بک خاص کیا جاوے۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع گورنمنٹ کو مرسل ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس۔

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور

فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ من ابتدائے ۲۶ ستمبر لغایتہ ۲ ؍ اکتوبر ۱۹۴۱ء بغرض اشاعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسلہ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	جمعہ	تعطیل جمعہ			
۲۷ ستمبر ۱۹۴۱ء	شنبہ	عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر	بابو رام وغیرہ بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۴۲ تعزیرات رامپور۔	باہم فریقین تصفیہ ہو کر درخواست پیش ہوئی مسل ہذا زیر تجویز رہے۔
″	″	عالیجناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الدین صاحب بہادر۔	سرکار بہادر بنام احمد بخش۔	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	آج تین کس گواہان صفائی کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ گواہان صفائی کو دیا گیا ملزم نے بری کیا بحث کیلئے ۲۹ ستمبر ۱۹۴۱ء پیش ہو۔
″	″	″	جیالال بنام مہاراج کالیچرن۔	اپیل اول دیوانی متفرق	اپیل ہذا حسب اشارات تجویز ہذا منظور ہو خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہے۔
۲۸ ″	یکشنبہ	تعطیل درگا اشٹمی			
۲۹ ″	دوشنبہ	عالیجناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الدین صاحب بہادر۔	سرکار بہادر بنام احمد بخش۔	سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی تجویز کیلئے ۵ اکتوبر ۱۹۴۱ء مقرر ہو۔
۲۹ ″	دوشنبہ	عالیجناب صاحب چیف جسٹس بہادر	جوالا پرشاد بنام عنایت اللہ۔	نگرانی دیوانی۔	بحث سماعت ہوئی مسل ہذا زیر تجویز رہے۔
″	″	عالیجناب مسٹر جسٹس محمد لطافت علی خاں صاحب بہادر	محبوب خاں بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۷ تعزیرات رامپور	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز رہے۔
۳۰ ″	سہ شنبہ	تعطیل دسہرہ			
یکم اکتوبر ۱۹۴۱ء	چہارشنبہ	″	محبوب خاں بنام سرکار بہادر	″	اپیل اس حد تک منظور ہو کہ ملزم اپیلانٹ بہ ثبوت جرم دفعہ ۳۰۷ تعزیرات رامپور بجائے چار سال قید سخت اٹھارہ ضرب بید کے صرف ایکسال قید سخت کا سزایاب ہو۔

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۴۱ء	چہارشنبہ	عالیجناب مسٹر حسن محمد علی خاں صاحب جسٹس	پنڈت گنگا پرشاد بنام رامچندر رمیون	اجراء ڈگری اپیل نقد ۔	رامچندر رمیون نابالغ بنام ہرو بسالال متوفی نام نظور قایم مقام بولایت ہوکن لال زوجہ اجرا میں درج ہوا اور اسکے خلاف کارروائی اجرا جاری ہو بابت آرڈر ۱۳ قاعدہ ۲۲ مجوزہ ضابطہ دیوانی اور طلبانہ اجرا و نوٹس سرکار کا نیلام اینڈ کیست صاحب ڈگریدار داخل کریں تاریخ پیشی ۹ اکتوبر ۱۹۴۱ء مقرر ہو ۔
"	"	عالیقدر حبیب حسین بہادر و عالیجناب مسٹر حسین چودھری شرف الزماں صاحبان جسٹسان	محمد علی وغیرہ اپیلانٹان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور ۔	بحث سماعت ہوئی زیر تجویز رہے ۔
"	"	"	سرکار بہادر بنام محمد علی ملزم ۔	اپیل منظوری سزا بجرم دفعہ ۳۰۲	" " "
۲ اکتوبر	پنجشنبہ	عالیقدر مسٹر حسین چودھری شرف الزماں صاحب بہادر ۔	سرکار بہادر بنام عبدالحق	ریفرنس بجرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور	حسب وجوہات مندرجہ تجویز ملزم عبدالحق کو شبہ کا فائدہ دیتے ہوئے بجرم ثبوت جرم دفعہ ۳۰۲ تعزیرات رامپور سے بری کیا جاتا ہے ۔
"	"	عالیقدر حبیب حسین بہادر و عالیجناب مسٹر حسین چودھری شرف الزماں صاحبان جسٹسان	ہر پرشاد بنام ریوتی رمن	اپیل دیوانی	اپیل منظور ہو کر حکم حاکم عدالت ابتدائی مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۴۱ء منسوخ ہو بوجوہات تجویز اپیلانٹ (ضامن) کے رقم کے ادا کرنے کا ذمہ دار نہیں ہے اور ذمہ مطلوب عائد ۔

نقشہ موسمی حالات :- جوہنوڑیہ سیڈ اسٹور پر روزانہ ۸ بجے صبح نوٹ کئے گئے۔

تاریخ ریکارڈ	ہوا کا رخ	ہوا کا دباؤ	بارش: گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	بارش: از ۱۵ر جون	بارش: از ۱۹ر اکتوبر	بارش: از یکم جنوری	درجہ حرارت: آٹھ بجے صبح	درجہ حرارت: کم سے کم گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	درجہ حرارت: زیادہ سے زیادہ گذشتہ ۲۴ گھنٹوں میں	ہوا میں رطوبت کا اوسط	موسمی حالت کیفیت
۲۶ر ستمبر [illegible]	شمال شرق	۲۹٫۱۱″	کچھ نہیں	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	۸۸ درجہ	۷۲ درجہ	۹۸ درجہ	۹۲ فی صدی	آسمان صاف رہا
۲۷ر ″	شرق	۲۹٫۱۲″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۹۰	″ ۷۴	″ ۱۰۰	″ ۹۳	″
۲۸ ″	شرق	۲۹٫۱۹″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۷۹	″ ۷۵	″ ۱۰۱	″ ۹۴	″
۲۹ ″	شمال شرق	۲۹٫۲۹″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۸۲	″ ۷۴	″ ۹۹	″ ۹۵	″
۳۰ ″	شرق	۲۹٫۲۳″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۸۴	″ ۷۶	″ ۹۸	″ ۹۳	″
یکم اکتوبر ″	جنوب شرق	۲۹٫۲۲″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۸۴	″ ۷۷	″ ۹۸	″ ۹۲	″
۲ ″	شمال شرق	۲۹٫۲۳″	″	۱۹٫۳۷″	۲۷٫۸۷	۲۸٫۱۸	″ ۸۴	″ ۷۸	″ ۱۰۰	″ ۹۶	″

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور - بابتہ ہفتہ اول ماہ اکتوبر ۱۹۴۱ء

نام اجناس	حضور تحصیل	تحصیل ملک	تحصیل شاہ آباد	تحصیل بلاسپور	تحصیل سوار	تحصیل ٹانڈہ	سیفنی
گندم					۸ مار		
نخود خالص					۹۰ مار		
نخود کسر آمیز					۱۰ مار		
کٹ					۱۰ مار		
ماش					۵۰ مار		
مونگ					۵ مار		
مکا					۱۰ مار		
جئی					۱۳ مار		
گرجی					۱۲ مار		
عدس					۱۰ مار		
ارہر					۱۲ مار		
برنج					۵۰ مار		
روغن زرد					ولایتی مار [illegible] ۱۰ مار		
روغن کنجد					۲ مار		
روغن سیاہ					۳۰ مار		
نمک سانبھر					۱۱۰ مار ۱۰۰ مار		
نمک لاہوری					۶ مار		
قند سیاہ					۸ مار		
باجرہ							

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)